سوال

(452) اجارہ پر کھیت دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اجارہ پر کھیت لینا یا اس کا غلہ کھانا کیسا ہے جب کہ مالک کو مال گذاری کھیت کا خود اجارہ دار دیتا ہے اور خود جو بوتا ہے تو اس قسم کا اجارہ یا رہن خریدنے کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زمین کو اجارہ یا گرو کے طریق پر لینا جس میں مالک کو بھی حصہ دیا جائے جائز ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے زمانے میں ایسا ہوا بعض حدیثوں میں جو اجارہ پر زمین دینے سے ممانعت آئی ہے اس سے مراد بالکلیہ ممنوع یا حرام نہیں بلکہ یہ مطلب ہے کہ کسی غریب مسلمان کو استعمال کے لئے زمین مفت دے دے تو افضل ہے ۔

شرفیہ :۔

اجارہ کا جواب صحیح ہے گردی کا نہیں اس میں اجمال ہے اور شبہ حرمت لہذا ممنوع ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص426

محدث فتویٰ